# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ نے تعلیمی سال دو ہزار پچیس چھبیس سے جرمن و جاپانی مطالعات اور ایڈوانس ڈپلوما ان چائلڈ گائیڈینس و کونسلنگ میں نئے انڈر گریجویٹ پروگرام لانچ کیا

New Delhi, August 25, 2025.

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اپنی تازہ پیش کش میں تعلیمی سال دو ہزار پچیس چھبیس سے جرمن اور جاپانی مطالعات کے ساتھ ساتھ ایڈوانس ڈپلونا ان چائلڈ گائیڈینس اینڈ کونسلنگ میں نئے انڈر گریجویٹ پروگرام لانچ کیا ہے۔ان تین کورسیز یعنی ایف وائی یو جی پی برائے جرمن مطالعات (سیلف فینانس)، ایف وائی یو جی پی برائے جاپانی مطالعات (سیلف فینانس) اور ایڈوانس ڈپلوما ان چائلڈ گائیڈینس اینڈ کونسلنگ (سیلف فینانس) میں داخلے کے خواہش مند امیدواروں کے لیے آن لائن فارم چھ ستمبر دو ہزار پچیس تک دستیاب ہیں۔

قومی تعلیمی پالیسی دو ہزار بیس (این ای پی دو ہزار بیس) سے ہم آہنگ دو نئے چار سالہ سیلف فینانس انڈر گریجویٹ پروگرام۔یعنی بی۔اے (آنرس) ان جرمن اسٹڈیز اور بی۔اے (آنرس) ان جاپانیس اسٹڈیز زبان کی روایتی تدریس سے ماورا بین علومی نصابی تدریس کا خاکہ ہیں۔مذکورہ کورسیز میں زبان کی اہلیت و مہارت ثقافتی مطالعات، ترجمہ، ترجمانی اور صنعت رخی اطلاقات سے مربوط ہوگی جس کا مقصد طلبہ کو آج کی مربوط دنیا میں مہارت اور عالمی نقطہ نظر سے آراستہ کرنا ہے۔

ریہیبلیٹیشن کونسل آف انڈیا (آر سی آئی) سے منظور شدہ کورس 'ایڈوانسڈ ڈپلوما ان چائلڈ گائیڈینس اینڈ کونسلنگ' بطور آر سی آئی کونسلر کے بہترین کیریئر کے مواقع فراہم کرے گا۔مختلف شعبوں میں اس منظور شدہ سند کی اہمیت ہے جس سے اس کورس کو کرنے والے تعلیمی اداروں، ہیلتھ کیئر سہولیات، اسپتالوں، مطب، حکومتی اداروں، قومی و بین الاقوامی غیر سرکاری تنظیموں وغیرہ میں آنے والے کیریئر میں اپنی قسمت آزما سکتے ہیں۔

شیخ الجامعہ پروفیسر مظہر آصف اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ نے کہا کہ نئے کورسیز کو متعارف کرانے کا مقصد جہاں ایک بیرونی زبانوں کی تعلیم میں جامعہ کے افق کو وسیع کرنا ہے وہیں دوسری جانب بچوں کی نگہہ داشت اور کونسلنگ کے اہم شعبے میں نئی راہیں پیدا کرنا اور بامعنی پہل کرنا بھی ہے۔

ان تینوں کورسیز میں داخلہ کے لیے فارم درج ذیل لنک پر دستیاب ہیں:

htpsadmissionjmiacinUniversityApplicationForm/UniversityRegularAdmission?UID=mTZDVQ==&textsess=6EkMFFa7g==&textscun=jzw=

ان تینوں کورسیز کے داخلہ ٹسٹ کی تاریخ چودہ ستمبر دو ہزار پچیس ہے۔

ان مستقبل بیں اور مقبول عام کورسیز کو متعارف کرا کے جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ایک مرتبہ پھر عالمی لحاظ سے بامعنی اور صنعت رخی پروگراموں کے تئیں اپنے عہد کا اظہار کیا ہے۔ یونیورسٹی کو پختہ یقین ہے کہ ان اقدامات سے نہ صرف جامعہ کا تعلیمی افق مزید وسیع ہوگا بلکہ یوروپ اور جاپان کے ساتھ بھارت کے تہذیبی و پیشہ ورانہ فاصلوں میں کمی بھی آئے گی۔ مزید برآں جامعہ نے بچوں کی نگہ داشت اور ان کی کونسلنگ سے متعلق موزوں شعبوں میں جو سند یافتہ کونسلر کو تربیت دی ہے وہ اہل ماہرین کے منتخب گروپ میں شامل ہو سکتے ہیں اور ملک بھر میں کیریئر کے بہترین امکانات کے ساتھ بچوں کی زندگیوں میں حقیقی فرق لانے والے بنیں گے۔

**پروفیسر صائمہ سعید**

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ